مسلسل اشاعت کے 84 سال

editor@nawaiwaqt.com.pk @nawaiwaqt_

nawaiwaqt.com.pk fb.com/nawaiwaqt

LOCAL

DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD

روزنامہ نوائے وقت

راولپنڈی
اسلام آباد

بانی حمید نظامی مرحوم

معمار مجید نظامی مرحوم

ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد		صفحات	رجسٹرڈ ایل	شمارہ
70	پیر 25 شعبان المعظم 1446ھ، 24 فروری 2025ء، 12 پھاگن 2081 ب UAN 111-2222-007 قیمت 30 روپے	08	003	233

MONDAY 24 FEBRUARY 2025

میٹرک فرسٹ اینول کیلئے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، محمد عدنان خان

کسی صورت بوٹی مافیا کو سر اٹھانے نہیں دیا جائے گا، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی

راولپنڈی (محبوب صابر/جنرل رپورٹر) میٹرک فرسٹ اینول 2025ء سالانہ امتحان 4 مارچ منگل سے شروع ہوگا تیاریاں مکمل کرلی گئیں، امتحانی مراکز کی خفیہ مانیٹرنگ کی جائے گی، بوٹی امفیا کے خلاف جامع حکمت عملی طے کرلی گئی ہے، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان کا کہنا تھا کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر انتظام امتحان میٹرک فرسٹ اینول کے لئے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، کمشنر راولپنڈی ڈویژن تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور حکومتِ پنجاب کی طرف سے جاری زیرو ٹالرینس پالیسی کے مطابق منعقد کرایا جا رہا ہے، کسی صورت بوٹی مافیا کو سر اٹھانے نہیں دیا جائے گا بوٹی مافیا کے خلاف جامع حکمت عملی سے پلان تشکیل دے دیا گیا ہے جس سے بوٹی مافیا کا قلعہ قمع کرنے میں مدد ملے گی۔ اسپیشل برانچ تمام امتحانی مراکز کی خفیہ نگرانی کرے گی اور اپنی رپورٹس روزانہ کی بنیاد پر اعلیٰ حکام کو بھجوائے گی ان رپورٹس کی روشنی میں ملوث امتحانی عملہ کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کے ساتھ ایف آئی آر کا اندراج بھی عمل میں لایا جائے گا۔

CamScanner